پریس ریلیز:

# شیل اور کے الیکٹرک کے درمیان الیکٹرک-وہیکل چارجنگ اسٹیشنز کے قیام کے لیے معاہدہ

کراچی (08 جنوری، 2021): ملک میں الیکٹرک-وہیکلز کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے حکومتی اقدامات میں فعال کردار ادا کرنے کی غرض سے شیل پاکستان لمیٹڈ اور کے الیکٹرک نے کراچی اور اِس سے منسلک بڑی شاہراہوں پر مشترکہ طور پر تین الیکٹرک-وہیکل چارجنگ اسٹیشن قائم کرنے کے لیے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ الیکٹرک-وہیکل چارجنگ اسٹیشن خیابان بحریہ پر واقع شیل ڈیفنس فلنگ اسٹیشن، گلشن ٹاؤن میں عسکری فلنگ اسٹیشن اور گڈاپ ٹاؤن میں مردان فلنگ اسٹیشن کے مقامات پر قائم کیے جائیں گے ۔ان فلنگ اسٹیشنوں پر 50KWH کے ریپڈ چارجرز نصب کیے جائیں گے۔

آئندہ 3 سے 5 سالوں کے دوران، شیل پاکستان لمیٹڈ اور کے الیکٹرک اضافی سائٹس کے قیام کے مواقع کا بھی جائزہ لیں گے اور ایک حکمت عملی کے تحت الیکٹرک-وہیکل چارجنگ نیٹ ورک کو توسیع دیں گے۔ اِس سلسلے میں شیل پاکستان لمیٹڈ چارجنگ اسٹیشن پر آلات کی فراہمی، سائٹ کی تیاری، سامان کی تنصیب اور آپریشنز کا کام انجام دے گا جبکہ کے الیکٹرک گرڈ کی گنجائش میں اضافہ یقینی بنائے گا۔

حال ہی میں، حکومت پاکستان نے ملک میں، ماحول دوست ٹرانسپورٹیشن کے طور پر الیکٹرک-وہیکل کے استعمال کو فروغ دینے کی غرض سے پالیسی تیار کی ہے اور اُس پر عمل درآمد کی منظوری دی ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی جانب سے ایک ویژن دیا گیا ہے جس کے تحت 2030ء تک، پاکستان میں 60 فیصد گرین انرجی استعمال ہونے لگے گی۔ شیل پاکستان اور کے الیکٹرک کے اشتراک کا مقصد اس پالیسی اور ویژن کو سپورٹ کرنا ہے۔

معاہدے کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شیل پاکستان لمیٹڈ کے جنرل منیجر ریٹیل طٰحہٰ مگربی نے کہا کہ: ''ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرنے کے لیے اربوں افراد ٹرانسپورٹ پر انحصار کرتے ہیں اور اِس وقت دنیا بھر کی سڑکوں پر تقریباً ایک ارب گاڑیاں رواں دواں ہیں۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ کاربن کے اخراج کو کم کرنے کی عالمی کوششوں میں ٹرانسپورٹ کے شعبے کا کردار اہم ہے ۔حکومت پاکستان نے ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور اپنی عوام کو باکفایت ٹرانسپورٹ کی فراہمی کے لیے الیکٹرک-وہیکل پالیسی کی منظوری دی ہے ۔اس شعبے میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے، کے الیکٹرک اور شیل پاکستان لمیٹڈ مل کر، الیکٹرک-وہیکل پالیسی کو سپورٹ کرنے اور اس کے مقاصد کے حصول میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔''

کے الیکٹرک کی چیف اسٹریٹجی آفیسر، ناز خان نے کہا کہ: ''جیسے جیسے دنیا ٹرانسپورٹ کے پائیدار طریقوں کی جانب منتقل ہورہی ہے، کے الیکٹرک اس تبدیلی کو اپنے انفراسٹرکچر میں شامل کرنے کے لیے پرعزم دکھائی دے رہا ہے، جو کراچی سمیت پاکستان بھر میں الیکٹرک وہیکل کے تعارف میں معاون ثابت ہوگا۔حکومت پاکستان کے 2030ء تک، مقامی مارکیٹ میں پائی جانے والی تمام گاڑیوں میں سے 30 فیصد کو بجلی سے چلنے والی گاڑیوں میں تبدیل کرنے کے اعلان کے بعد، کے الیکٹرک، شیل کے ساتھ مل کر، اپنے کسٹمرز کو الیکٹرک-وہیکل کے استعمال میں سہولت فراہم کرنے اور طویل مدتی ماحولیاتی استحکام میں شراکت کے لیے کوشاں ہے۔''

چارجنگ اسٹیشنز کے لیے بجلی کے ٹیرف میں کمی جیسے اقدامات اور الیکٹرک-وہیکل چارجنگ کے آلات پر 1 فیصد ڈیوٹی کی بدولت شیل پاکستان لمیٹڈ اور کے الیکٹرک دونوں اپنے صارفین کو باہمی فائدہ پہنچانے کے ساتھ یکساں آپریٹنگ ماحول پیدا کرنے کے خواہاں ہیں۔ متوازی انڈسٹریز میں کام کرنے والے یہ دونوں ادارے، باہمی تعاون پر مبنی مزید کاروباری مواقع کا بھی جائزہ لیں گے۔

☆☆☆